© rasailojaraid.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

# تقدیم

اس سے پہلے میری نشری تقریروں کا ایک مجموعہ "اسلام کا نظامِ حیات" کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔ اس کے علاوہ میری چند نشری تقریریں اور بھی ہیں جو پچھلے دس سال کے دوران میں تقسیم سے پہلے آل انڈیا ریڈیو اور تقسیم کے بعد ریڈیو پاکستان کی نشرگاہ لاہور سے نشر ہوتی رہی ہیں۔ ان میں سے بعض ابھی تک کہیں شائع نہیں ہوئیں، اور بعض مختلف اوقات میں منتشر طور پر شائع ہو چکی ہیں۔ مگر ان سب کی یکجائی اشاعت جو فائدہ رکھتی ہے وہ منتشر اشاعت میں نہیں ہو سکتا۔ اس لئے ترجمان القرآن کی یہ اشاعتِ خاص اِن تقریروں کے مجموعہ کے لئے مختص کی جا رہی ہے۔

ہم ان تقریروں کی اشاعت کی اجازت کے لئے ریڈیو پاکستان کے شکر گزار ہیں۔

افسوس ہے کہ "شبِ برات" کی تقریر عین وقت پر اس مجموعہ سے خارج کر دینی پڑی کیونکہ ریڈیو پاکستان نے اس کو شائع کرنے کی اجازت نہیں دی۔

ابوالاعلیٰ



© rasailojaraid.com